**27.08.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... محمد عمار

**Music**

---------------------------------

☆ حکومت نے ریڑی پٹری والوں کیلئے PM سوانِدھی اسکیم کو نئے سرے سے تشکیل دینے اور 2030 تک اُس کی توسیع کو منظوری دے دی ہے۔ اُس نے 12 ہزار 300 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے چار اہم ریلوے پروجیکٹوں کو بھی منظوری دی ہے۔

☆ امور خارجہ کے وزیرمملکت کیرتی وردھن سنگھ نے بھارتی درآمدات پر 50 فیصد محصول نافذ کرنے کے امریکہ کے فیصلے کو غیر معقول اور غیر منصفانہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ حکومت، ملک پر اِس کا اثر نہیں ہونے دے گی۔

☆ جموں و کشمیر، ہماچل پردیش اور پنجاب میں موسلا دھار بارش کے سبب بڑے پیمانے پر تباہی ہوئی ہے۔ انتظامیہ ضروری خدمات کو بحال کرنے کیلئے کام کر رہی ہے۔ شمالی ریلوے نے جموں خطے میں شدید بارش کے پیش نظر 45 ریل گاڑیاں منسوخ کر دی ہیں۔

☆ روس نے چھ خطوں میں یوکرین کے توانائی کے بنیادی ڈھانچے پر بڑے ڈرون حملے کیے ہیں۔

☆ اور......قزاخستان میں ایشیائی نشانہ بازی چمپئن شپ میں بھارت کے Anish Bhanwala نے مردوں کے 25 میٹر ریپڈ فائر پسٹل مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا ہے۔

-------------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

Rev. Cabinet - PM SVANidhi

آج مرکزی کابینہ نے ریڑھی پٹری والوں سے متعلق وزیر اعظم کی آتم نربھر ندھی اسکیم (پی ایم SVANidhi اسکیم) کو نئے سرے سے تشکیل دیے جانے کو منظوری دے دی۔ کابینہ نے قرض کی مدت کو 31 دسمبر 2024 سے توسیع دیے جانے کو بھی منظوری دی ہے۔ اب قرض کی مدت 31 مارچ 2030 تک بڑھا دی گئی ہے۔ اِس اسکیم پر 7 ہزار 332 کروڑ روپے کُل اخراجات ہوں گے۔ نئے سرے سے تشکیل دی گئی اِس اسکیم کی اہم خصوصیات میں قرض کی پہلی اور دوسری قسط میں اضافہ، جن مستفیدین نے اپنا دوسرا قرض لوٹا دیا ہے، اُن کے لیے UPI سے منسلک Rupay کریڈٹ کارڈ اور خردہ اور

تھوک لین دین کے لیے ڈیجیٹل کیش بیک ترغیبات شامل ہیں۔
قرض کی پہلی قسط 10 ہزار روپے سے بڑھا کر 15 ہزار اور دوسری قسط 20 ہزار روپے سے بڑھا کر 25 ہزار کردی گئی ہے، جبکہ تیسری قسط میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور یہ 50 ہزار روپے ہے۔
پیش ہے ایک رپورٹ ............

**VC - Anupam Mishra**

*نئے سرے سے تشکیل دی گئی اسکیم کا مقصد 50 لاکھ نئے مستفیدین سمیت ایک کروڑ 15 لاکھ مستفیدین کو فائدہ پہنچانا ہے۔ UPI سے منسلک Rupay کریڈٹ کارڈ کو متعارف کرانے سے ریڑی پٹری والوں کو ہنگامی طور پر کسی کاروباری یا ذاتی ضرورت کے پیش نظر قرض کی فوری رسائی حاصل ہوگی۔ ڈیجیٹل لین دین کو فروغ دینے کیلیئے ریڑی پٹری والے، خردہ اور تھوک لین دین پر ایک ہزار 600 روپے تک کی Cashback ترغیبات حاصل کرسکتے ہیں۔ حکومت نے کووڈ۔اُنیس وبا کے دوران ریڑی پٹری والوں کی مشکلات کو کم کرنے کیلیئے شروعات میں یکم جون 2020 کو PM سوانِدھی اسکیم کا آغاز کیا تھا۔ اِس سال جولائی تک 68 لاکھ سے زیادہ ریڑی پٹری والوں کو قرض فراہم کیے جاچکے ہیں۔*

*نئی دلّی سے انوپم کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیئے میں ارجمند علی خان*

CCEA

آج اقتصادی امور سے متعلق کابینہ کمیٹی نے مختلف ریل لائنیں بچھانے کے تین پروجیکٹوں کو منظوری دی ہے، جس سے کرناٹک، تلنگانہ، بہار اور آسام کو فائدہ ہوگا۔ اُس نے گجرات کے کچھ کے دور دراز علاقوں کو مربوط کرنے کی خاطر ایک نئی ریل لائن کی بھی منظوری دی ہے۔ اِن اقدامات سے کنیکٹیوٹی بڑھے گی اور سفر میں سہولت میں بہتری کے علاوہ لاجسٹک لاگت اور تیل کی درآمدات پر انحصار میں کمی آئے گی۔ اِن پروجیکٹوں سے کاربن ڈائی آکسائیڈ کے اخراج میں کمی ہوگی اور پائیدار اور موثر ریل خدمات میں مدد ملے گی۔ اِن پروجیکٹوں کی تعمیر کے دوران تقریباً 251 لاکھ دنوں کیلیئے براہ راست روزگار بھی پیدا ہوگا۔ مجوزہ نئی لائن، کچھ خطے کے دور دراز علاقوں میں کنیکٹیوٹی فراہم کرے گی۔ یہ گجرات کے موجودہ 164 کلو میٹر کے ریل نیٹ ورک میں 145 روٹ کلو میٹر کا اضافہ کرے گی۔
اِس پروجیکٹ کے مکمل ہونے کی مدت تین سال ہے۔ گجرات میں سیاحت کو فروغ دینے کے علاوہ نئی ریل لائن سے نمک، سیمنٹ، کوئلہ، Clinker اور bentonite کی نقل وحمل میں مدد ملے گی۔ اِس پروجیکٹ کی کلیدی اہمیت Rann of Cach میں کنیکیوٹی فراہم کرنا ہے۔×

Cabinet - CWG 2030

کابینہ نے دولتِ مشترکہ کھیلوں CWG 2030 کے انعقاد کے لیے نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کی وزارتِ کی بولی لگانے کی تجویز کو بھی منظوری دی ہے۔ اِس کے علاوہ کابینہ نے متعلقہ وزارتوں، محکموں اور اداروں کی جانب سے درکار ضمانتیں

فراہم کرنے، نیز میزبانی میں اشتراک کے معاہدے پر دستخط کرنے اور اگر بولی کو قبول کرلی جاتی ہے تو گجرات حکومت کو درکار مالی امداد کی بھی منظوری دے دی ہے۔

دولتِ مشترکہ کھیلوں میں 72 ممالک کے کھلاڑی شرکت کریں گے۔ اِن کھیلوں میں بڑی تعداد میں کھلاڑیوں، کوچز، تکنیکی اہلکاروں، سیاحوں، صحافیوں اور دیگر افراد کا بھارت آنا ہوگا، جس سے مقامی کاروبار کو فائدہ اور لوگوں کو آمدنی ہوگی۔

احمدآباد کھیلوں کی میزبانی کرنے والا ایک مثالی شہر ہے، جو عالمی معیار کے اسٹیڈیمز، جدید تربیتی سہولیات اور کھیلوں کی ثقافت فراہم کرتا ہے۔ نریندر مودی اسٹیڈیم، جو دنیا کا سب سے بڑا اسٹیڈیم ہے، پہلے ہی اپنی صلاحیت ثابت کر چکا ہے، جب اُس نے 2023 میں کامیابی کے ساتھ ICC کرکٹ عالمی کپ کے فائنل میچ کی میزبانی کی تھی۔

بھارت میں دولتِ مشترکہ کھیلوں کی میزبانی کھیل کود سے آگے بڑھ کر ایک دیرپا اثر چھوڑے گی۔ اِس سے سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا، روزگار پیدا فراہم ہوں گے اور لاکھوں نوجوان کھلاڑیوں کو تحریک ملے گی۔

اِس کے علاوہ بڑی تعداد میں ماہرین کو اسپورٹس سائنس، ایونٹ کے کام کاج اور انتظام و انصرام، لاجسٹکس اور ٹرانسپورٹ میں تال میل قائم کرنے، نشریات اور میڈیا، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور مواصلات، تعلقاتِ عامہ اور دیگر شعبوں میں مواقع حاصل ہوں گے۔

عالمی سطح پر ایسے باوقار ایونٹ کی میزبانی قومی سطح پر فخر اور اتحاد کے ایک مضبوط جذبے کو پروان چڑھائے گی۔ یہ ایک مشترکہ قومی تجربہ فراہم کرے گی اور قوم کے حوصلے بلند کرے گی۔ یہ نئی نسل کے کھلاڑیوں کو کھیل کود کو بطور پیشہ اختیار کرنے کی ترغیب دے گی اور ہر سطح پر کھیلوں میں زیادہ سے زیادہ شرکت کی حوصلہ افزائی کرے گی۔×

Singh - US Tariff

امور خارجہ کے وزیر مملکت کیرتی وَردھن سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کی معیشت بہت مضبوط ہے اور ملک کی صنعتیں بہت مضبوط ہیں۔

آج نئی دلّی میں ایک پروگرام کے موقع پر 50 فیصد امریکی ٹیرف کے نفاذ کے بارے میں میڈیا کے سوال کا جواب دیتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ حکومت ملک کو یہ نقصان نہیں اُٹھانے دیگی۔

**SB - 2100 - Kirti Vardhan Singh**

J&K Vaishno Devi

جموں وکشمیر میں مسلسل 40 گھنٹے سے جاری بارش کے سبب جموں ڈویژن میں کافی تباہی ہوئی ہے۔ اگرچہ بارش کی شدت میں کمی آئی ہے، لیکن تمام ضلعوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ موسلادھار بارش کے سبب اچانک سیلاب اور مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعات پیش آئے ہیں، جن میں متعدد افراد ہلاک اور کئی زخمی ہوگئے ہیں۔ حکام نے ہنگامی کارروائی تیز کر دی ہے۔ ٹیلی مواصلات کے محکمے نے مرکز کے زیر انتظام علاقے میں کنکٹی ویٹی کو یقینی بنانے کی خاطر تمام علاقوں کے لیے رومنگ کو فعال کر دیا ہے، جبکہ ریلوے نے جزوی طور پر ٹرینوں کی آمد و رفت بحال کردی ہے۔ اب تک صرف دو ٹرینوں کی سروسز دوبارہ شروع کی گئی ہیں۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ راحت اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے اور حکام صورتحال پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ ...........

**VC - Gulshan Raina**

*شری ماتا ویشنو دیوی یاترا کے راستے پر واقع **Adhkuwari** میں اِندر پرستھ بھوجنالیہ کے قریب مٹی کے تودے کھسکنے کے ایک بڑے واقعے میں کئی لوگوں کی موت ہوگئی ہے، جس کے بعد یاترا کو معطل کر دیا گیا ہے۔ ڈوڈہ میں اچانک سیلاب آنے سے 15 مکانات تباہ اور تین پیدل پُل بہہ گئے ہیں۔ اِس واقعہ میں 4 افراد کی موت ہوگئی ہے۔ توی، چناب، **Kalnai** اور نیرو جیسی بڑی ندیوں میں پانی کی سطح میں خطرناک حد تک اضافہ ہوگیا ہے اور نشیبی علاقوں کے لیے خطرہ پیدا ہوگیا ہے۔ شدید بارش کے باعث توی دریا میں پانی خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہا ہے، جبکہ بھگوتی نگر کے علاقے میں توی ندی پر تعمیر کردہ چوتھا پُل بری طرح متاثر ہوا ہے۔*

*سیلاب سے متاثرہ کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی اور موبائل نیٹ ورکس بھی معطل ہو گئے ہیں۔*

***NDRF** نے پورے علاقے میں متعدد ٹیمیں تعینات کی ہیں۔ جموں میں نو ٹیمیں تعینات کی گئی ہیں جو متاثرہ لوگوں کی مدد کے لیے راحت اور بچاؤ کی کارروائی میں مصروف ہیں۔*

*جموں سے گُلشن رینا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کے لیے میں فیصل حبیب*

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کٹرا میں شری ماتا ویشنو دیوی مندر کے راستے پر مٹی کے تودے کھسکنے سے ہونے والی اموات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے انتظامیہ کی طرف سے متاثرین کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔

جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کٹرا میں مٹی کے تودے کھسکنے کے واقعہ کے مہلوکین کے لواحقین کو پانچ-پانچ لاکھ روپے اور زخمیوں کو پچاس-پچاس ہزار روپے کی مالی مدد دینے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے آج جموں ڈویژن کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور صورتحال کا جائزہ لیا۔×

Northern Railway Jammu

جموں علاقے میں تیز بارش کے سبب شمال ریلوے نے 45 ٹرینوں کو منسوخ اور 25 ٹرینوں کے راستے بدل دیے ہیں۔

شمالی ریلوے کے تعلقات عامہ کے اعلیٰ افسر، ہمانشو شیکھر نے آج نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے فیصلے کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے کہا کہ جموں - شری ماتا ویشنو دیوی کٹرا، پٹھان کوٹ اور نئی دلّی ریلوے اسٹیشنوں پر ایک **Help Desk** قائم کیا گیا ہے۔

جموں کے لیے ہیلپ لائن نمبر ہے:

سات آٹھ آٹھ - آٹھ آٹھ تین - نو نو ایک ایک

اور دلّی کے لیے :

نو سات ایک - سات چھ تین - آٹھ سات سات پانچ ایک ہے۔

**SB - 1700 Himanshu Shekhar**

Himachal Weather

ہماچل پردیش میں پچھلے 3 روز سے موسلادھار بارش کے سبب معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہے۔ چمبا، کانگڑا اور گلّو اضلاع سب سے زیادہ متاثر ہیں۔ ریاست میں مسلسل مٹی کے تودے کھسکنے سے سینکڑوں سڑکیں بند ہوگئی ہیں، جبکہ متعدد علاقوں میں مواصلاتی تار، بجلی اور پینے کے پانی کی سپلائی اب بھی متاثر ہے۔

پنجاب میں بھی سیلاب کی صورتحال سنگین ہوتی جارہی ہے۔ راوی، بیاس اور ستلُج سمیت بڑے دریاؤں میں طغیانی آ گئی ہے۔ پٹھان کوٹ، گُرداس پور، فاضلکا، فیروز پور اور کپور تھلا سمیت 7 ضلعے ہائی الرٹ پر ہیں۔ تمام سرکاری ملازمین کی چھٹیاں اِس مہینے کی 30 تاریخ تک منسوخ کردی گئی ہیں۔×

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے کل، چھتیس گڑھ، ساحلی کرناٹک وسطی مہاراشٹر اور اتراکھنڈ میں شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے شمالی مشرقی ریاستوں، آندھرا پردیش کے ساحلی علاقوں، مشرقی راجستھان، گجرات، ہماچل پردیش، کرناٹک کے اندرونی حصے، کیرالہ اور ماہے، کونکن اور گوا، مدھیہ پردیش، مراٹھ واڑا، اوڈیشہ، مغربی بنگال کے ذیلی علاقے، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، تلنگانہ اور وِدربھ میں تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔×

Rajnath Defence

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج کہا ہے کہ غیر یقینی جغرافیائی اور سیاسی صورتحال کے پیش نظر مسلح افواج کو کم مدت کی لڑائی سے لے کر پانچ سالہ جنگ سمیت ہر طرح کے سیکیورٹی چیلنجوں کیلئے تیار رہنا چاہیے۔ مدھیہ پردیش کے آرمی وار کالج Mhow میں رَن سمواد سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کیلئے چیلنج بڑے ہیں لیکن ہمارا عزم اور ہمّت اُس سے بھی بڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا صرف ہماری طاقت کا احترام نہیں کرتی بلکہ سچائی، امن اور انصاف کیلئے ہمارے جذبے کو بھی احترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔

**S/B: Rajnath Singh- India Stance war**

وزیر دفاع نے کانفرنس میں موجود دفاعی افواج پر سیکیورٹی اور پالیسی سازی کے مختلف زاویوں کو سمجھنے پر زور دیا۔ جناب سنگھ نے ملک کے دفاع میں ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے فیصلہ کن رول کو بھی اجاگر کیا۔×

Russia - Ukraine Attack

روس نے رات میں یوکرین کے 6 علاقوں میں توانائی اور گیس نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے پر بڑے پیمانے پر ڈرون حملے کیے۔ میڈیا کی خبروں کے مطابق روسی فورسز نے Poltava علاقے میں گیس نقل و حمل کے بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچایا، جبکہ Sumy خطے میں اہم ذیلی اسٹیشنوں میں سے ایک کو ڈرون کے ذریعے نشانہ بنایا۔ یوکرین کے صدر ولودومیر زیلینسکی نے کہا ہے کہ روس کے اِن ڈرون حملوں سے Poltava، Sumy اور Chenihiv خطے میں 1 لاکھ سے زیادہ لوگ بجلی سے محروم ہوگئے ہیں۔ یوکرین کی توانائی کی وزارت نے کہا ہے کہ رات میں Kharkiv خطے کو بھی نشانہ بنایا گیا، اِسی طرح Zaporizhzhia اور Donetsk علاقے کو بھی ڈرون کے ذریعے نشانہ بنایا گیا۔

یوکرین میں گیس کی پیداوار کے اہم مراکز Poltava اور Kharkiv خطے میں واقع ہیں۔ یوکرین نے تنازعہ کو ختم کرنے کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی کوششوں کے باوجود حالیہ ہفتوں میں روس نے یوکرین میں گیس کی پیداوار کے اہم مراکز اور بنیادی ڈھانچے پر اپنے حملے تیز کردیے ہیں۔×

MEA Gaza Journalist

بھارت نے کہا ہے کہ غزہ میں خان یونس میں صحافیوں کی ہلاکت انتہائی افسوسناک ہے اور اِس کی سخت مذمت کی جانی چاہیے۔ صحافیوں کی ہلاکت سے متعلق میڈیا کے سوالوں کا جواب دیتے ہوئے وزارت خارجہ نے کہا کہ بھارت نے لڑائی میں شہریوں کی ہلاکت کی ہمیشہ مذمت کی ہے۔ اُس نے کہا کہ اسرائیلی حکام نے پہلے ہی اِس سلسلے میں تحقیقات شروع کر دی ہے۔×

Shooting

آج قزاخستان کے Shymkent میں جاری ایشیائی شوٹنگ چمپئن شپ میں بھارتی نشانے باز Anish Bhanwala نے مردوں کے 25 میٹر ریپڈ فائر پسٹل مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ 22 سالہ اولمپک کھلاڑی نے کُل 35 پوائنٹس حاصل کیے اور وہ سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے چین کے کھلاڑی سے محض ایک پوائنٹ پیچھے رہے۔

مقابلے میں ایک اور بھارتی نشانے باز آدرش سنگھ پانچویں مقام پر رہے۔

بھارت نے اب تک اِس ٹورنامنٹ میں 72 تمغے جیتے ہیں، جن میں سونے کے 39، چاندی کے 16 اور کانسے کے 17 تمغے شامل ہیں۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆